Total No. of Printed Pages : 4]

02U(A)

URDU, Paper -II

(First Language)

Parts A and B

Time : 2 hrs. 45 min. **Maximum Marks : 40**

ہدایات : (1) ابتدائی 15 منٹ پرچۂ سوال کا مطالعہ کریں اور سمجھیں۔باقی $2\frac{1}{2}$ گھنٹوں میں امتحان دیں۔

(2) پارٹ A کے جوابات سربراہ کی گئی علیحٰدہ جوابی بیاض میں لکھیں۔

(3) پارٹ B کے جوابات پرچہ سوال پر ہی دی گئی قوسین میں لکھیں اور اس پارٹ کو جوابی بیاض کے ساتھ منسلک کریں۔

Part-A

Time : 2 hours ***Marks : 30***

I. سمجھنا۔اظہارِ خیال کرنا۔

(الف) ذیل کے چار جملوں کو 'دُرِ یتیم' کے سبق کی مناسبت سے ترتیب وار لکھئے۔ 1×4=4

1. (الف) حضرت محمد ﷺ رات میں گھر سے نکلے۔

(ب) صدیق اکبرؓ نے جلدی جلدی غار کو جھاڑ کر صاف کیا تاکہ زمین بیٹھنے کے قابل ہو جائے۔

(ج) پانچ میل کی مسافت کے بعد غار ثور آیا۔

(د) حضرت محمد ﷺ دولت کدے سے چل کر حضرت ابوبکر صدیقؓ کے گھر پہنچے اور اپنے ارادے اور حالات کی نوعیت سے مطلع فرمایا۔

4×1=4

(ب) ان اشعار کو پڑھ کر دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔

تو خالق و ستار ہے رحمان ہے یا رب
بندوں کی خطا پوشی تیری شان ہے یا رب
ہر عیب سے تو پاک ہے تیرا نہیں ہمسر
ہر مسلم و مومن کا یہ ایمان ہے یا رب
ماں باپ سے بھی بڑھ کے تجھے پیار ہے ہم سے
بندوں پہ کرم تیرا ہر اک آن ہے یا رب
ہر ذرہ ٔ خاکی تیری قدرت کا ہے شاہد
کونین کی ہر شئے تیری پہچان ہے یا رب

سوالات :-

2. اشعار میں موجود اللہ کی کوئی دو صفات لکھئے۔
3. مسلم و مومن کا کیسا ایمان ہے ؟
4. ہم کو ماں باپ سے زیادہ کون پیار کرتے ہیں ؟
5. اللہ کی قدرت کا شاہد کون ہے ؟

4×½=2

(ج) ذیل کی عبارت پڑھ کر دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔

جس سرزمین پر انسان پیدا ہوتا ہے، اپنی زندگی کے شب و روز گزارتا ہے، وہ سرزمین اس کا وطن کہلاتی ہے۔ جو لوگ وطن کی خاطر قربانیاں دیتے ہیں، اپنا جان و مال اور وقت لگاتے ہیں ان کو اہل وطن عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ان کی یادگاریں تعمیر کی جاتی ہیں تاکہ یہ مقدس جذبہ ہر کسی کی نظر میں قابلِ احترام ہو جائے۔

حب الوطنی کے معنی یہ نہیں کہ وطن کو بت بنا کر پوجا جائے۔ جو لوگ وطن سے غداری کرتے ہیں سماج میں بدامنی پھیلاتے ہیں ان کو سخت سے سخت سزا دی جائے۔

سوالات :

6. وطن کسے کہتے ہیں ؟
7. کن لوگوں کو اہل وطن عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ؟

8. لفظ "شب" کی ضد عبارت میں تلاش کر کے لکھئے۔

9. وطن کے غدار لوگوں سے کس طرح کا معاملہ کیا جائے؟

(د) ذیل کی درخواست پڑھ کر دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔ $4\times\frac{1}{2}=2$

حسن آباد

16-01-2019

بخدمت شریف کلاس ٹیچر صاحب

گورنمنٹ ہائی اسکول ؛ حسن آباد

جناب عالی!

عرض خدمت یہ ہے کہ مجھے کل رات سے سخت بخار ہے، کھانسی اور زکام نے بھی میری حالت مزید ابتر کی ہے۔ ڈاکٹر نے مجھے مکمل آرام کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ اس لئے میں تین دن تک اسکول حاضر ہونے سے قاصر ہوں۔ لہٰذا آپ سے مودبانہ گزارش ہے کہ تین دن کی رخصت عنایت فرمائیں جو پیر تا بدھ رہے گی۔

فقط

درخواست گزارہ

شیخ تبسم آراء

جماعت دہم

سوالات :

10. تبسم نے کس کے نام درخواست لکھی؟

11. تبسم کن امراض میں مبتلا ہے؟

12. ڈاکٹر نے کیا مشورہ دیا؟

13. درخواست گزارہ کس جماعت کی طالبہ ہے؟

02U(B)

URDU, Paper -II

(First Language)

Parts A and B

Time : 2 hrs. 45 min. **Maximum Marks : 40**

ہدایات : (1) اس حصہ کے جوابات اسی حصہ میں لکھیں۔

(2) اس حصہ کو پارٹ A کے جوابی بیاض سے منسلک کریں۔

Part-B

Time : 30 minutes ***Marks : 10***

III. زبان شناسی / لفظیات :

$20 \times \frac{1}{2} = 10$ حسب ذیل سوالوں کے صحیح جواب کا حرف قوسین میں لکھئے۔

1. عبدالمطلب کے بیٹے تھے۔ [ ]

(الف) بارہ (ب) نو

(ج) دس (د) پندرہ

2. 'در یتیم' کے مصنف کا نام ہے۔ [ ]

(الف) ماہر القادری (ب) ہاشم قادری

(ج) طاہر القادری (د) نعیم قادری

3. حضرت ابوبکرؓ کا لقب ہے۔ [ ]

(الف) صدیق (ب) فاروق

(ج) حیدر (د) ذوالنورین

4. حضور ﷺ کی پہلی زوجہ کا نام [ ]

(الف) بی بی خدیجہؓ (ب) بی بی زینبؓ

(ج) بی بی سوداءؓ (د) عائشہؓ

5. حضور اقدس ﷺ کی پیدائش کا وقت تھا۔ [ ]

(الف) صبح صادق (ب) دوپہر

(ج) شام (د) رات

6. حضور ﷺ کس کے لئے رحمت بنا کر بھیجے گئے۔ [ ]

(الف) مکہ کے لئے (ب) مسلمانوں کے لئے

(ج) سارے عالم کے لئے (د) عرب کے لئے

7. 'عبداللہ کھیلتے کھیلتے گر گیا' خط کشیدہ لفظ مثال ہے۔ [ ]

(الف) مرکب اضافی (ب) مرکب توصیفی

(ج) تکرار لفظی (د) مفرد

8. جملہ کے عناصر ہیں۔ [ ]

(الف) چار (ب) دو

(ج) تین (د) چھ

9. کونین کی دولت ان کے گھر سمٹ کر آگئی۔ [ ]

(الف) دائی حلیمہ (ب) دائی سلمیٰ

(ج) دائی کلثوم (د) ام ایمن

4. حضور ﷺ کی پہلی زوجہ کا نام [ ]

(الف) بی بی خدیجہؓ (ب) بی بی زینبؓ

(ج) بی بی سوداءؓ (د) عائشہؓ

5. حضور اقدس ﷺ کی پیدائش کا وقت تھا۔ [ ]

(الف) صبح صادق (ب) دوپہر

(ج) شام (د) رات

6. حضور ﷺ کس کے لئے رحمت بنا کر بھیجے گئے۔ [ ]

(الف) مکہ کے لئے (ب) مسلمانوں کے لئے

(ج) سارے عالم کے لئے (د) عرب کے لئے

7. 'عبداللہ کھیلتے کھیلتے گر گیا' خط کشیدہ لفظ مثال ہے۔ [ ]

(الف) مرکب اضافی (ب) مرکب توصیفی

(ج) تکرار لفظی (د) مفرد

8. جملہ کے عناصر ہیں۔ [ ]

(الف) چار (ب) دو

(ج) تین (د) چھ

9. کونین کی دولت ان کے گھر سمٹ کر آگئی۔ [ ]

(الف) دائی حلیمہ (ب) دائی سلمیٰ

(ج) دائی کلثوم (د) ام ایمن

10. شام کے سفر میں آپ کے ہمراہ تھے۔ [ ]

(الف) غلام میسرہ (ب) ابوبکرؓ

(ج) ہاشم (د) علیؓ

11. یارِ غار آپؐ کے ساتھ غار میں کتنے دن تھے؟ [ ]

(الف) تین دن (ب) دو دن

(ج) چار دن (د) پانچ دن

12. عورتوں میں سب سے پہلے ایمان لائیں۔ [ ]

(الف) عائشہؓ (ب) خدیجہؓ

(ج) زینبؓ (د) سوداءؓ

13. ہجرت کے مشکل سفر کے دوران آپ کی میزبانی کا شرف کس کو ملا؟ [ ]

(الف) ام معبد (ب) ام عمارہ

(ج) ام کلثوم (د) کوئی نہیں

14. قواعد میں واحد اور اکیلے لفظ کو کہتے ہیں۔ [ ]

(الف) مفرد (ب) مرکب

(ج) متضاد (د) مبالغہ

15. جس لفظ پر الف لام آئے اور پڑھا بھی جائے، کہلاتا ہے۔ [ ]

(الف) حروف شمسی (ب) حروف قمری

(ج) حرف علت (د) ربط

16. شاعر مشرق مثال ہے۔ [ ]

(الف) مرکب اضافی (ب) مرکب توصیفی

(ج) مترادف (د) متضاد

17. 'ارشد نے قرآن پڑھا' خط کشیدہ لفظ ہے۔ [ ]

(الف) فعل (ب) فاعل

(ج) مفعول (د) امر

18. 'انس قرآن پڑھنے میں مصروف تھا' خط کشیدہ لفظ ہے۔ [ ]

(الف) مفعول (ب) فاعل

(ج) مجاز (د) کنایہ

19. ایسا لفظ جس میں زمانہ پایا جائے، کہلاتا ہے۔ [ ]

(الف) فعل (ب) اسم

(ج) حرف (د) کوئی نہیں

20. 'رسم ورواج' اس مرکب کی مثال ہے۔ [ ]

(الف) متضاد (ب) ہم آواز

(ج) مترادف (د) ہم شکل